بسم اللہ الرحمن الرحیم

005732

Wifaq - ul - Madaris - al - Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر : 061 - 6514525- 6514526-27

فیکس نمبر : 061 - 6539485

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

Ref.No. 0659/MHJ/A/2026 الرقم

Dated 05-05-2026 التاریخ

## خیبر پختونخواہ میں "دورۂ صغری" کروانے والے اربابِ مدارس و جامعات کے نام اکابرینِ وفاق کا اہم مکتوب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !

ملک بھر کے تمام مدارس و جامعات میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ تمام اہل مدارس و جامعات مہتممین، منتظمین، معلّمین، معلمات اور طلبہ و طالبات سب کے لیے برکات کا ذریعہ بنادے۔ (آمین)

اللہ تعالیٰ نے ہم سب کا تعلق مساجد و مدارس سے جوڑا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کا جتنا شکریہ ادا کیا جائے کم ہے۔ اور پھر اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مبارک چھتری کے سائے تلے جمع کیا ہے۔ جس نے ملک بھر کے اہل حق کے تمام مدارس کو ایک لڑی میں پرویا ہے۔ جس کی برکت سے ہمارا نصاب تعلیم ایک ہے، نظام تعلیم ایک ہے، امتحان ایک ہے اور سند ایک ہے۔ اس کے علاوہ اس وفاق کی جتنی برکات ہیں، وہ اظہر من الشّمس ہیں۔ اس وفاق کے ساتھ جڑے رہنا، اس کے نصاب اور نظام تعلیم کی پابندی کرنا اور اس کو مزید مستحکم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

وفاق کا درجہ اولیٰ تا دورۂ حدیث نصاب آٹھ سالہ ہے۔ اور ملک بھر میں ہر درجہ کی کتب شوال المکرم تا رجب المرجب پورے سال میں پڑھائی جاتی ہیں۔ گویا وفاق کا یہ آٹھ سالہ نصاب آٹھ سال میں پڑھایا جاتا ہے۔ یہی معمول نہ صرف یہ کہ ملک بھر کے تمام مدارس میں ہے بلکہ پورے برصغیر کے تمام مدارس میں مدتوں سے چلا آرہا ہے۔ اور ڈیڑھ صدی سے زائد کا تجربہ ہے کہ اس نصاب کو اسی مدت میں پڑھانے سے ہی طلبہ میں استعداد اور علمی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کے بعض اضلاع پشاور، چارسدہ، مردان، ملاکنڈ اور سوات کے بعض چھوٹے مدارس میں وفاق کے نظام تعلیم کی پابندی نہیں کی جارہی۔ بلکہ درجہ سابعہ (موقوف علیہ) کا درجہ بہت جلدی میں یعنی چار پانچ ماہ میں پڑھا دیا جاتا ہے اور پھر ربیع الثانی کے آخر یا جمادی الاولیٰ میں "دورۂ صغری" کے نام سے اسی درجے کی کتب دوبارہ شروع کر دی جاتی ہیں۔ جس میں درجہ سادسہ پڑھنے والے طلبہ کو شریک کیا جاتا ہے۔ ڈھائی، تین ماہ میں یہ دورہ ختم ہوتا ہے اور اگلے سال شوال میں ان طلبہ کو دورۂ حدیث میں داخلہ دے دیا جاتا ہے۔ گویا درجہ سادسہ اور درجہ سابعہ ایک ہی سال میں پڑھا دیئے جاتے ہیں اور طالب علم اگلے سال دورۂ حدیث میں داخل کر دیا جاتا ہے۔

Email:wifaqulmadaris@gmial.com web:www.wifaqulmadaris.org

061 - 6514525- 6514526-27 : فون نمبر

061 - 6539485 : فیکس نمبر

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

الرقم ............ Ref.No. 0659/MHJ/A/2026

التاریخ ............ Dated 05-05-2026

اس طرز عمل میں کئی خرابیاں ہیں :

1. ان مدارس نے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ساتھ الحاق کرکے وفاق کے نصاب تعلیم اور نظام تعلیم کی پابندی کا جو عہد کیا ہے، اس کی خلاف ورزی ہے۔

وفاق کے فارم الحاق میں درج اقرار نامہ کی شق (ح) میں صراحت کے ساتھ لکھا گیا ہے کہ "میں نے شرائط الحاق کو بغور پڑھ لیا ہے، میں عہد کرتا/ کرتی ہوں کہ وفاق کے دستور اساسی، اس کے جملہ قواعد وضوابط، نصاب تعلیم اور فارم الحاق میں درج مندرجات کا پابند رہوں گا/ رہوں گی۔ اور کوئی ایسا عمل نہیں کروں گا/ کروں گی جو وفاق کے دستور کے منافی ہو۔"

2. یہ طرز عمل بر صغیر میں ڈیڑھ /پونے دو صدی قبل قائم مدارس اور آج کے امہات المدارس اور ملک بھر کے مدارس میں جاری نظام تعلیم کی خلاف ورزی ہے۔

3. درجہ سابعہ میں مشکوۃ المصابیح مکمل، ہدایہ جلد ثالث، ہدایہ جلد رابع، تفسیر بیضاوی، اصول تفسیر اور اصول حدیث کی اہم کتب ہیں۔ جن کو پورے سال میں پابندی کے ساتھ پڑھانے والے اساتذہ بھی بمشکل یہ کتب ختم کر پاتے ہیں۔ ڈھائی، تین ماہ میں ان کتب کو پڑھا کر کیسے حق ادا کیا جاسکتا ہے؟

4. درجہ سادسہ کے طلبہ اپنی کتب نامکمل چھوڑ کر ان چھوٹے دوروں میں شریک ہو جاتے ہیں، جب کہ درجہ سادسہ میں بڑی اہم اور مشکل کتب داخل نصاب ہیں۔ اس طرح ان کا درجہ سادسہ خراب ہو جاتا ہے۔ درجہ سابعہ بھی ڈھائی، تین ماہ میں پڑھ کر اپنا یہ درجہ بھی خراب کر لیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ہم دورۂ حدیث پڑھنے کے اہل ہو گئے۔

5. درجہ سادسہ کے طلبہ نہ صرف یہ کہ اپنی کتب نامکمل چھوڑ کر چلے جاتے ہیں بلکہ ان دوروں میں شریک ہو کر وفاق کے سالانہ امتحان کی تیاری بھی نہیں کر پاتے۔ اس لیے درجہ سادسہ میں برائے نام پاس ہو جاتے ہیں یا پھر راسب ہو جاتے ہیں۔

061 - 6514525- 6514526-27 : فون نمبر
061 - 6539485 : فیکس نمبر
مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

Ref.No. 0659/MHJ/A/2026 الرقم

Dated 05-05-2026 التاریخ

6. دورۂ حدیث میں مطلوبہ استعداد کے بغیر داخل ہو جاتے ہیں۔ اس لیے وہاں بھی کماحقہ کتب سے استفادہ نہیں کر سکتے۔

7. دورۂ حدیث پڑھ کر درجہ سابعہ کا امتحان دیتے ہیں، جب کہ دورۂ حدیث کا امتحان فراغت کے ایک سال بعد دیتے ہیں، اس طرح وہاں بھی کامیابی برائے نام ہوتی ہے۔

اس طرز عمل میں خرابیوں کے سوا کچھ نہیں، اس لیے وفاق کے صدر، نائب صدور، ناظم اعلیٰ اور وفاق کے ہر سطح کے ذمہ داران، پورے صوبہ خیبر پختونخوا کے سنجیدہ علماء کرام اور مدارس کے مہتممین، منتظمین اور جید مدرسین اس کو وفاق کے نظام تعلیم کی خلاف ورزی اور طلبہ کے استعداد کی تباہی سمجھتے ہیں۔ اس لیے گزشتہ سال وفاق کی مرکزی قیادت کے حکم پر صوبائی ناظم، ارکان عاملہ، علاقائی معاون ناظمین اور ضلعی مسئولین نے وفود کی صورت میں دورۂ صغری پڑھانے والے حضرات سے ملاقاتیں کیں اور ان سے یہ دورے ختم کرنے کی درخواست کی، اور اب اس خط کے ذریعے بھی ان سے درخواست کی جارہی ہے کہ وہ اس سلسلے کو ختم کردیں۔

<u>بصورت دیگر :</u>

- ❖ "دورۂ صغری" پڑھانے والے مدارس کا الحاق ختم کرنے پر غور کیا جائے گا۔
- ❖ متعلقہ مدارس اور مسئولین وفاق کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جو طلبہ درجہ سادسہ نامکمل چھوڑ کر ان دوروں میں شرکت کریں یا صبح کے اوقات میں درجہ سادسہ کے اسباق پڑھ کر شام کے اوقات میں درجہ سابعہ شروع کردیں ،ان کی فہرست وفاق کو ارسال کر دیا کریں تاکہ ان کا درجہ سادسہ کا داخلہ کالعدم کر دیا جائے۔ یاد رہے کہ ایسا نہ کرنے والے مدارس وفاق کے نظم کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوں گے۔
- ❖ مدارس و جامعات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ دورہ حدیث میں ان طلبہ کو داخلہ دیا جائے جنہوں نے وفاق کے تحت درجہ سابعہ کے امتحان میں شرکت کرکے کامیابی حاصل کی ہو۔ "دورۂ صغری" پڑھنے والوں کو ہرگز دورۂ حدیث

فون نمبر : 061 - 6514525- 6514526-27

فیکس نمبر : 061 - 6539485

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

Ref.No. 0659/MHJ/A/2026 الرقم

Dated 05-05-2026 التاریخ

داخلہ نہ دیا جائے، نہ وہ اس کے اہل ہوتے ہیں نہ ہی مستحق۔ کثرت تعداد کے لیے وفاق کے نظم کی خلاف ورزی نہ کی جائے۔ اس سے نظام غیر مستحکم اور طلبہ کی استعداد تباہ ہوگی۔

وفاق کے ساتھ ملحقہ تمام مدارس و جامعات کے مہتممین حضرات سے درخواست ہے کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ساتھ مضبوطی سے جڑے رہیں۔ اس کے قواعد وضوابط کی پابندی کریں۔ اس کے نظام تعلیم اور نظام امتحان کو مستحکم کریں۔ وفاق کا استحکام مدارس کا استحکام ہے۔

اللہ تعالیٰ وفاق المدارس اور تمام مدارس و جامعات کی حفاظت فرمائے۔ آمین

دستخط

حضرت اقدس مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب
صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

دستخط

حضرت مولانا انوار الحق صاحب
نائب صدر اول وفاق المدارس العربیہ پاکستان

دستخط

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان